جادو کا شرعی علاج

افادات: شیخ الاسلام ابن باز رحمہ اللہ ترجمانی: محمد انور محمد قاسم

اس میں کوئی شک نہیں کہ جادو اس دنیا میں موجود ہے' اگر اللہ تعالی چاہے تو اثر انداز بھی ہوسکتا ہے' جیسا کہ اللہ تعالی نے جادوگروں کے متعلق فرمایا!

''اور وہ ان چیزوں کی پیروی کرنے لگے جو شیاطین سلیمان علیہ السلام کی سلطنت کا نام لیکر پیش کیا کرتے تھے' حالانکہ سلیمان علیہ السلام نے کبھی کفر نہیں کیا' کفر کے مرتکب تو وہ شیاطین تھے جو لوگوں کو جادوگری کی تعلیم دیتے تھے۔ اور وہ پیچھے پڑ گئے اس چیز کے جو بابل میں دو فرشتوں' ہاروت اور ماروت پر نازل کی گئی تھی' حالانکہ وہ (فرشتے) جب بھی کسی کو اسکی تعلیم دیتے تھے تو صاف طور پر کہہ دیا کرتے تھے ''دیکھ ہم تو محض ایک آزمائش ہیں' تو کفر میں مبتلا نہ ہو''۔ پھر بھی یہ لوگ ان سے وہ چیز سیکھتے تھے جس سے شوہر اور بیوی میں جدائی ڈال دیں۔ اور وہ اس کے ذریعے اللہ کے حکم کے بغیر کسی کا نقصان نہیں کر سکتے' اور وہ سیکھتے تھے ایسی چیز جو ان کے لئے نفع بخش نہیں بلکہ نقصان دہ تھی''۔ (البقرۃ:۱۰۲)

جادو کا اثر واقع ہوتا ہے اگر اللہ تعالی کا کونی اور قدری حکم ہو' کیونکہ کائنات کی ہر چیز اللہ کے حکم کی محتاج ہے۔ جادو رسول اللہ ﷺ پر بھی کیا گیا تھا لیکن اللہ تعالی نے آپ کو اس کے شر سے محفوظ رکھا اور جادوگروں نے جن چیزوں پر جادو کیا تھا انہیں تلاش کر کے ضائع کر دیا گیا جس کے بعد اللہ تعالی نے آپ کو شفا عطا کی۔ اس لئے اگر وہ چیزیں مل جائیں جن پر جادو کیا گیا ہو جیسے گانٹھ پڑے ہوئے دھاگے یا پُتلے میں چبھوئی ہوئی سوئیاں' انہیں ضرور ضائع کر دینا چاہئے' کیونکہ جادوگر اپنے خبیث مقاصد کے لئے گانٹھوں پر پھونک مارتے ہیں' کبھی یہ اپنے مقاصد میں اللہ کے حکم سے کامیاب ہوجاتے ہیں اور کبھی ناکام۔

جادو کے لئے شرعی علاج موجود ہے' ذیل میں کچھ سورتیں' آیتیں اور دعائیں ذکر کی جارہی ہیں جنہیں پڑھ کر جادو زدہ شخص کے سینے یا جسم کے کسی حصّے پر دم کر کے پھر زیادہ مقدار میں پانی لیکر اس میں سات عدد بیری کے ہرے پتّے پیس کر ڈالیں اور اس پانی پر دم کر کے مریض کو پلایا جائے پھر باقی پانی سے اسے نہلایا جائے تو انشاء اللہ ضرور شفا حاصل ہوگی۔ نیز یہی عمل ان مردوں یا عورتوں کے لئے بھی مفید ہوگا جنہیں جادو کے ذریعے اپنی بیوی یا شوہر سے روک دیا گیا ہو' جسکی وجہ سے وہ ہم بستری پر قادر نہ ہوں۔ ہم نے کئی لوگوں پر اس کا تجربہ کیا اور اللہ تعالی نے انہیں شفا عطا کی۔

۱۔سورۃ الفاتحہ ۲۔آیۃ الکرسی ۳۔سورۃ الکافرون ۴۔سورۃ الاِخلاص (۳ مرتبہ) ۵۔سورۃ الفلق ۶۔سورۃ الناس ۷۔سورۃ یونس کی پانچ آیتیں (۷۹ تا ۸۳) ۸۔سورۃ الأعراف کی تین آیتیں (۱۱۷ تا ۱۱۹) ۹۔سورۃ طہٰ کی پانچ آیتیں (۶۵ تا ۶۹) ۱۰۔پھر چاروں قل (الکافرون' الاِخلاص' الفلق' الناس) تین بار پڑھ کر ان کلمات سے دعا کرتے ہوئے دم کریں۔

۱۔ اَللّٰھُمَّ رَبَّ النَّاسِ' اَذْھِبِ الْبَأْسَ' وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ' شِفَاءً لَا یُغَادِرُ سَقَمًا ۔

۲۔ بِسْمِ اللّٰہِ اُرْقِیْكَ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ یُؤْذِیْكَ' وَ مِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ اَوْ عَیْنٍ حَاسِدٍ' اَللّٰہُ یَشْفِیْكَ' بِسْمِ اللّٰہِ اُرْقِیْكَ ۔

۳۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۔